فوری ریلیز کے لیے: 9/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا اولین امدادی کارکنان کے لیے ہنگامی مواصلات کو تقویت دینے کے لیے ریاستی فنڈنگ میں $110 ملین کا اعلان

ریاستی فنڈ کردہ پروگرام ہنگامی ردِعمل دینے کی صلاحیتوں کو مضبوط بنا کر ریاست بھر میں ہنگامی مواصلاتی نظاموں کو سہارا دیتے ہیں

فنڈنگ نئے منصوبوں، آلات کی تنصیب اور مقامی سطحات پر بہتر مواصلاتی ذرائع کو سہارا دے گی

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ریاستی مالی سال 2025 اور 2026 کے ریاست گیر باہمی مواصلاتی گرانٹ پروگرام (Statewide Interoperable Communications, SICG) اور پبلک سیفٹی آنسرنگ پوائنٹس (Public Safety Answering Points, PSAP) آپریشنز گرانٹ پروگرام کے تحت مشترکہ طور پر ہنگامی مواصلاتی نظام کو جدید بنانے، تحفظِ عامہ کے لیے ہنگامی کالوں کی وصولی اور عملہ بھجوانے کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے $110 ملین کی ریاستی مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔

"ہنگامی حالات میں ہر لمحہ قیمتی ہوتا ہے، اور اس بات کو یقینی بنانا کہ ضرورت کے وقت ہمارا مواصلاتی نظام اور آلات مکمل طور پر تیار ہوں، نیو یارک کے شہریوں کی حفاظت کے لیے انتہائی اہم ہے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "تحفظِ عامہ ہمیشہ میری اولین ترجیح ہے، اور یہ مالی معاونت ریاست کے ہر حصے میں ہماری ہنگامی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی"۔

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی سروسز کے کمشنر Terry O'Leary (ٹیری او لیری) نے کہا، "ہنگامی حالات میں مؤثر مواصلات بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، اور ہمارے اولین امدادی کارکنان کے پاس جدید ترین آلات اور ٹیکنالوجی ہونا ضروری ہے تاکہ ایک قابلِ اعتماد مواصلاتی نظام برقرار رکھا جا سکے۔ یہ فنڈنگ ہمارے شراکت دار اداروں کو اپنے ہنگامی مواصلاتی نظام کو جدید بنانے، اپ گریڈ کرنے اور اس کی دیکھ بھال کے لیے درکار وسائل فراہم کرے گی، جس کے نتیجے میں ریاست بھر میں ہنگامی ردِعمل مزید مؤثر ہو گا اور ہماری کمیونٹیز پہلے سے زیادہ محفوظ ہوں گی"۔

ریاست گیر باہمی مواصلاتی فارمولہ گرانٹ (SICG-Formula Grant) پروگرام کے تحت مقامی حکومتوں کو $90 ملین فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ زمینی موبائل ریڈیو (Land Mobile Radio, LMR) سسٹمز کے ذریعے اپنے مواصلاتی نیٹ ورک کو مضبوط بنا سکیں، مواصلاتی تربیت اور مشقوں کے مواقع کو وسعت دے سکیں، اور مواصلاتی آلات کی دیکھ بھال جاری رکھ سکیں۔

ریاست گیر باہمی مواصلاتی فارمولہ گرانٹ (SICG-Formula Grant) پروگرام کے تحت آج جن گرانٹس کا اعلان کیا گیا، یہ ہیں:

کاؤنٹی	ایوارڈ کی رقم	کاؤنٹی	ایوارڈ کی رقم
Albany	$2,011,036	Niagara	$1,416,668
Allegany	$1,232,212	Oneida	$1,706,830

$2,454,890	Onondaga	$1,436,884	Broome
$1,106,038	Ontario	$1,233,480	Cattaraugus
$1,986,096	Orange	$1,201,396	Cayuga
$872,190	Orleans	$1,319,226	Chautauqua
$1,344,814	Oswego	$914,684	Chemung
$1,203,144	Otsego	$968,746	Chenango
$895,262	Putnam	$1,140,176	Clinton
$1,282,720	Rensselaer	$921,076	Columbia
$1,722,494	Rockland	$1,336,038	Cortland
$1,607,978	Saratoga	$1,168,150	Delaware
$1,100,732	Schenectady	$1,250,992	Dutchess
$802,608	Schoharie	$2,736,718	Erie
$725,734	Schuyler	$1,411,982	Essex
$703,354	Seneca	$1,251,036	Franklin
$1,843,106	St. Lawrence	$838,514	Fulton
$1,323,874	Steuben	$1,168,988	Genesee
$2,512,226	Suffolk	$877,238	Greene
$1,109,208	Sullivan	$1,133,398	Hamilton
$830,060	Tioga	$1,212,350	Herkimer
$1,037,238	Tompkins	$1,359,508	Jefferson
$1,258,750	Ulster	$1,146,942	Lewis
$1,024,736	Warren	$1,032,416	Livingston
$1,270,600	Washington	$1,216,278	Madison
$1,015,174	Wayne	$3,231,362	Monroe
$1,549,916	Westchester	$789,704	Montgomery
$830,046	Wyoming	$2,050,446	Nassau
$676,636	Yates	$15,195,902	New York City

PSAP آپریشنز گرانٹ پروگرام کاؤنٹی سطح کے 911 مراکز کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے تاکہ وہاں تعینات عملہ ہنگامی حالت میں خدمت کی کالوں کا جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہو۔ PSAP اس مالی معاونت کو نہ صرف اپنے موجودہ آپریشنز جاری رکھنے کے لیے استعمال کر سکیں گے بلکہ اگلی نسل کے 911 نظام (Next Generation 911, NG911) کے نفاذ کے لیے درکار جدید نظام بھی تیار کر سکیں گے۔ اس پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 20$ ملین سے نوازا جا رہا ہے۔

کاؤنٹی	ایوارڈ کی رقم	کاؤنٹی	ایوارڈ کی رقم
Albany	$456,200	Niagara	$375,216
Allegany	$286,626	Oneida	$446,226
Broome	$393,534	Onondaga	$465,122
Cattaraugus	$334,508	Ontario	$371,832
Cayuga	$357,114	Orange	$368,834
Chautauqua	$353,564	Orleans	$227,612
Chemung	$370,826	Oswego	$336,302
Chenango	$310,184	Otsego	$319,826

$248,182	Putnam	$313,774	Clinton
$345,450	Rensselaer	$278,552	Columbia
$445,156	Rockland	$341,726	Cortland
$316,288	Saratoga	$319,990	Delaware
$320,716	Schenectady	$380,862	Dutchess
$238,760	Schoharie	$479,232	Erie
$319,758	Schuyler	$405,532	Essex
$281,876	Seneca	$338,410	Franklin
$475,828	St. Lawrence	$303,222	Fulton
$354,596	Steuben	$356,046	Genesee
$466,688	Suffolk	$255,344	Greene
$306,892	Sullivan	$312,268	Hamilton
$244,860	Tioga	$352,810	Herkimer
$286,480	Tompkins	$362,514	Jefferson
$321,828	Ulster	$359,466	Lewis
$288,122	Warren	$301,732	Livingston
$281,552	Washington	$291,780	Madison
$327,486	Wayne	$558,696	Monroe
$350,338	Westchester	$338,544	Montgomery
$244,856	Wyoming	$305,890	Nassau
$357,242	Yates	$447,130	New York City

نیو یارک سٹیٹ ایسوسی ایشن آف کاؤنٹیز (New York State Association of Counties, NYSAC) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Stephen J. Acquario (سٹیفن جے ایکواریو) نے کہا، "کاؤنٹیز ان 911 مراکز اور ہنگامی مواصلاتی نیٹ ورکس کو چلاتی ہیں جن پر نیو یارک کے شہری اپنی زندگی کے انتہائی نازک لمحات میں انحصار کرتے ہیں۔ 110$ ملین کی یہ سرمایہ کاری کاؤنٹیز کو ایسے وسائل مہیا کرے گی جن کی بدولت وہ ہنگامی کالوں کا مؤثر جواب دے سکیں گی اور امدادی کارروائی کا وقت کم سے کم رکھا جا سکے گا، کیونکہ ایسے مواقع پر ہر سیکنڈ کی اہمیت ہوتی ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ ایسوسی ایشن آف کاؤنٹیز (NYSAC) گورنر ہوکل (Hochul) اور ریاستی مقننہ میں ہمارے شراکت داروں کی شکر گزار ہے کہ وہ مقامی ہنگامی مواصلاتی نظام میں مسلسل سرمایہ کاری کر رہے ہیں، جس کے باعث ہمارے اولین امدادی کارکنان ایک دوسرے سے مربوط رہتے ہیں اور ہماری کمیونٹیز محفوظ بنتی ہیں"۔

ریاستی سینیٹر Shelley Mayer (شیلی مائر) نے کہا، "مجھے خوشی ہے کہ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کو ہمارے اولین امدادی کارکنان کے ہنگامی مواصلاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے 1.5$ ملین سے زائد کی مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ قابلِ اعتماد مواصلاتی نظام اس بات کے لیے ناگزیر ہیں کہ پولیس افسران، آگ بجھانے والا عملہ اور ہنگامی طبی خدمات کا عملہ ہنگامی کالوں پر فوری اور مؤثر انداز میں کارروائی کر سکے۔ طویل عرصے سے میں اپنے اولین امدادی کارکنان، خصوصاً ہنگامی طبی خدمات کے عملے (EMS)، کی حامی رہی ہوں – وہ ہماری تمام کمیونٹیز کو نہایت اہم طبی خدمات، ہمدردی اور تعاون فراہم کرتے ہیں، مگر اکثر ان کی خدمات کا ویسے اعتراف نہیں کیا جاتا جس کے وہ حقیقی معنوں میں حق دار ہیں۔ میں مقامی ہنگامی مواصلاتی نظام میں یہ سرمایہ کاری کرنے پر گورنر کیتھی ہوکل (Kathy Hochul) کی شکر گزار ہوں، اور ساتھ ہی ریاست بھر کے تمام اولین امدادی کارکنان کو بھی ان کی بے لوث خدمات پر خراج تحسین پیش کرتی ہوں"۔

ریاستی سینیٹر Rachel May (ریچل مے) نے کہا، "ہنگامی حالات میں اچھی پیغام رسانی جانیں بچا سکتی ہے۔ ہمارے اولین امدادی کارکنان کو ایسے جدید اور قابلِ اعتماد مواصلاتی آلات کی ضرورت ہے جن کی مدد سے وہ باہمی رابطہ برقرار رکھتے ہوئے فوری اور مؤثر کارروائی کر سکیں۔ میں 48ویں سینیٹ ضلع میں ہنگامی مواصلاتی نظام کی بہتری کے لیے سرمایہ کاری کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں، جس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ ہمارے اولین امدادی کارکنان عوام کے تحفظ کے لیے ضروری وسائل سے لیس ہوں"۔

ریاستی سینیٹر Pete Harckham (پیٹ ہارکھیم) نے کہا، "جب ہماری کمیونٹیز کو ہنگامی صورتحال کا سامنا ہوتا ہے تو بروقت اور واضح پیغام رسانی زندگی اور موت کے درمیان فرق ثابت ہو سکتی ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ہمارے ہنگامی مواصلاتی نظام ہر بحران سے نمٹنے کے تقاضوں کو پورا کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہوں۔ ہمارے اولین امدادی کارکنان پر کی جانے والی یہ سرمایہ کاری تحفظِ عامہ کو مزید مضبوط بنانے اور جن کمیونٹیز کی وہ خدمت کرتے ہیں ان کے تحفظ کے لیے نہایت اہم ہے۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے ریاستی مقننہ میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اس مالی معاونت کے حصول میں کردار ادا کیا، اور میں نیو یارک کے مکینوں کی سلامتی اور فلاح و بہبود کے لیے بروقت سرمایہ کاری کرنے پر گورنر ہوکل (Hochul) کا شکریہ ادا کرتا ہوں"۔

ریاستی سینیٹر Monica R. Martinez (مونیکا آر مارٹنیز) نے کہا، "ہر ہنگامی صورتحال میں امدادی کارروائی کا آغاز 1-1-9 کال سینٹر سے ہوتا ہے، جہاں مدد کی درخواستوں کا پہلے جواب دیا جاتا ہے۔ ان مواصلاتی نظاموں کو جدید بنانا اور آپریٹرز کی تربیت بہتر کرنا ریاست بھر کے رہائشیوں کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرے گا، بشمول لانگ آئی لینڈ کے رہائشی، جہاں تحفظِ عامہ کے اس اہم بنیادی ڈھانچے کے لیے $4.5 ملین کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ میں گورنر ہوکل (Hochul) کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے ریاستی مقننہ کے ساتھ مل کر یہ مالی معاونت ہمارے اولین امدادی کارکنان کے لیے ممکن بنائی"۔

ریاستی سینیٹر James Skoufis (جیمز سکوفس) نے کہا، "ایک مضبوط ہنگامی ردِعمل کا نظام جانیں بچانے، زخمیوں کی تعداد کم کرنے اور املاک کو پہنچنے والے نقصان میں کمی لانے کے لیے انتہائی ضروری ہے، اور میں گورنر کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے یہ مالی معاونت وہاں فراہم کی جہاں اس کی سب سے زیادہ ضرورت تھی، یعنی ہماری کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے۔ مزید مضبوط مواصلاتی نیٹ ورکس، اور ہنگامی صورتحال میں سب سے پہلے مدد فراہم کرنے والے 911 آپریٹرز اور ہنگامی ڈسپیچرز کی مسلسل معاونت اور تربیت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ نیو یارک کے شہریوں کو ضرورت کے وقت بروقت امداد مل سکے"۔

ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney (جیریمی کونی) نے کہا، "جب ہم اپنے اولین امدادی کارکنان پر بامعنی سرمایہ کاری کرتے ہیں تو اس کا فائدہ پوری کمیونٹی کو پہنچتا ہے۔ ہنگامی حالات میں اولین امدادی کارکنان شہریوں کے لیے ناگزیر خطِ حیات ہوتے ہیں، اور ایک مضبوط مواصلاتی نیٹ ورک اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ مشکل میں گھرے افراد تک فوری اور مؤثر انداز میں امداد پہنچائی جا سکے۔ میں مونرو کاؤنٹی کے اولین امدادی کارکنان کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی اس سرمایہ کاری اور نیو یارک کو مزید محفوظ بنانے کے لیے ان کے مسلسل عزم پر ان کا شکر گزار ہوں"۔

ریاستی سینیٹر Samra Brouk (سمرا بروک) نے کہا، "ہمارے اولین امدادی کارکنان ہماری کمیونٹی کا ہراول دستہ ہیں، جو ضرورت مند رہائشیوں اور خاندانوں کو ہنگامی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی جانب سے مونرو کاؤنٹی میں اولین امدادی کارکنان کے ہنگامی مواصلاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے $3 ملین سے زائد کی مالی معاونت فراہم کرنے کے اقدام کو سراہتی ہوں تاکہ وہ ہمارے پڑوسیوں کو زندگی بچانے والی خدمات پہلے سے زیادہ مؤثر انداز میں فراہم کرتے رہیں"۔

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey (مشیل ہینچی) نے کہا، "ہمارے خطے نے برفانی طوفانوں، شدید برف باری، موسلا دھار بارشوں اور سیلاب کا سامنا کیا ہے، اور ان تمام حالات میں ہمارے اولین امدادی کارکنان ہمیشہ اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہے ہیں، اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم انہیں ایسی جدید ٹیکنالوجی اور آلات فراہم کریں جن کی مدد سے وہ تیزی سے اور مؤثر انداز میں کارروائی کرتے ہوئے جانیں بچا سکیں۔ کولمبیا، ڈچس، گرین اور السٹر کاؤنٹیز کو ہنگامی مواصلاتی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے تقریباً $5 ملین فراہم کیے جا رہے ہیں، اور مجھے

اس مالی معاونت کی حمایت کرنے پر فخر ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات (DHSES) کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ ہماری کمیونٹیز کو محفوظ رکھنے کے لیے مسلسل سرمایہ کاری کر رہے ہیں"۔

ریاستی سینیٹر Lea Webb (لیا ویب) نے کہا، "ہنگامی مواصلاتی خدمات تحفظِ عامہ میں انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ نیو یارک کا ہر شہری یہ اطمینان ہونے کا حق دار ہے کہ جب وہ 911 پر کال کرے تو مدد فوری طور پر دستیاب ہو، اور ہمارے اولین امدادی کارکنان کے پاس بروقت اور مؤثر کارروائی کے لیے تمام ضروری وسائل موجود ہوں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہنگامی مواصلاتی نظام میں یہ اہم سرمایہ کاریاں کیں، جو ہماری کمیونٹیز میں تحفظِ عامہ کو مزید مضبوط بنائیں گی۔ یہ مالی معاونت ہنگامی مواصلاتی نظام کو جدید بنانے، 911 مراکز کو مزید مستحکم کرنے، اور یہ یقینی بنانے کے لیے بروم، کورٹ لینڈ اور ٹامپکنز کاؤنٹیز کو تقریباً 4.85$ ملین فراہم کرے گی کہ جب ہر سیکنڈ اہم ہو تو اولین امدادی کارکنان باہمی ہم آہنگی کے ساتھ مؤثر کارروائی کر سکیں"۔

ریاستی سینیٹر Patricia Fahy (پیٹریشیا فیہی) نے کہا، "ہمارے 46ویں ضلع کی تین کاؤنٹیز کو 3$ ملین سے زائد کی رقم یہ یقینی بنانے کے لیے آ رہی ہے کہ ہمارے اولین امدادی کارکنان کو جدید ترین آلات اور ٹیکنالوجی میسر ہو، جس کی مدد سے وہ اپنی ذمہ داریاں زیادہ مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔ ہمارے اولین امدادی کارکنان کی کامیابی میں سرمایہ کاری دراصل ہماری کمیونٹیز کو مضبوط بناتی ہے، ہنگامی ردِعمل کا وقت کم کرتی ہے اور ہمارے مقامی ہیروز کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ جب دوسرے لوگ خطرے سے دور بھاگتے ہیں تو یہی اہلکار خطرے کا سامنا کرتے ہیں — اور یہ مالی معاونت اس بات کا ثبوت ہے کہ ریاست نیو یارک اپنے اولین امدادی کارکنان کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہترین کارکردگی کے فروغ کے لیے پُرعزم ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، لیڈر Andrea Stewart-Cousins (اینڈریا اسٹیورٹ کزنز) اور ریاستی مقننہ میں اپنے ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ ریاست نیو یارک اور کیپیٹل ریجن میں ہمارے اولین امدادی کارکنان کی مسلسل معاونت کر رہے ہیں"۔

ریاستی سینیٹر April N.M. Baskin (اپریل این ایم باسکن) نے کہا، "ہمارے اولین امدادی کارکنان اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں اپنی ذمہ داریاں محفوظ انداز میں انجام دینے اور ہماری کمیونٹیز کو بچانے کے لیے جدید ترین مواصلاتی نظام اور ٹیکنالوجی فراہم کی جائے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایری کاؤنٹی میں ہنگامی مواصلاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے 3.2$ ملین سے زائد کی رقم فراہم کی، کیونکہ جب کوئی شخص 911 پر کال کرتا ہے تو ہر لمحہ قیمتی ہوتا ہے۔ یہ سرمایہ کاری اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ ہمارے پولیس افسران، آگ بجھانے والے، ہنگامی طبی خدمات کے اہلکار اور 911 ڈسپیچرز ہنگامی حالات میں فوری اور مؤثر ردِعمل دینے کے لیے ضروری وسائل سے لیس ہوں"۔

ریاستی سینیٹر Chris Ryan (کرس رائن) نے کہا، "قابلِ اعتماد ہنگامی مواصلات ہماری کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں اور یہ یقینی بناتی ہیں کہ ہمارے اولین امدادی کارکنان کے پاس اپنی ذمہ داریاں محفوظ اور مؤثر انداز میں انجام دینے کے لیے ضروری وسائل ہوں۔ اونونڈاگا اور اوسویگو کاؤنٹیز کو فراہم کیے جانے والے 3.5$ ملین سے زائد کے فنڈز ہمارے 911 مواصلاتی مراکز کو مضبوط بنائیں گے اور انہیں اس قابل بنائیں گے کہ جب ہر سیکنڈ اہم ہو تو وہ زیادہ مستعدی سے رابطہ کر سکیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے یہ ریاستی وسائل ہماری مقامی کمیونٹیز کو واپس فراہم کیے تاکہ ہر روز کالوں کا جواب دینے والے خواتین و حضرات کی معاونت کی جا سکے"۔

رکن اسمبلی J. Gary Pretlow (جے گیری پریٹلو) نے کہا، "ہنگامی مواصلاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے فراہم کی جانے والی یہ مالی معاونت ہمارے مقامی امدادی کارکنان کی معاونت میں اہم کردار ادا کرے گی جس کے ذریعے موجودہ مواصلاتی نظام کو جدید بنایا جائے گا اور مختلف کمیونٹیز اور ان کے شراکت دار اداروں کے درمیان رابطے کو مزید فروغ ملے گا۔ ریاست نیو یارک کی اسمبلی میں 89ویں ضلع کی نمائندگی کرنے والے رکن کی حیثیت سے مجھے خوشی ہے کہ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی بھی اس مالی معاونت میں شامل ہے، کیونکہ یہ سرمایہ کاری براہِ راست ان شہروں اور قصبوں پر خرچ ہو گی جہاں ہم رہتے ہیں اور جن کی خدمت کرتے ہیں"۔

رکن اسمبلی William Magnarelli (ولیم میگناریلی) نے کہا، "قابلِ اعتماد ہنگامی مواصلات مؤثر تحفظِ عامہ کی بنیاد ہیں، اور یہ اہم سرمایہ کاری اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ ہمارے پولیس افسران، آگ بجھانے والے اور دیگر ہنگامی خدمات کے اہلکار اپنی کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے ضروری وسائل سے لیس ہوں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ان نہایت اہم اپ گریڈز کو ترجیح دی، جن سے مختلف اداروں کے درمیان ہم آہنگی بہتر ہو گی، ہنگامی ردِعمل کا وقت کم ہو گا اور ریاست نیو یارک مزید محفوظ بنے گی"۔

رکنِ اسمبلی Al Stirpe (ال سٹرائپ) نے کہا، "ریاستی مالی معاونت کا آج کا اعلان ہمارے بہادر اولین امدادی کارکنان کی حفاظت اور سلامتی کو مزید یقینی بنائے گا، جن میں سے بہت سے افراد رضاکار ہیں، جو اپنی کمیونٹیز کی خدمت کے لیے اپنا وقت اور توانائی وقف کرتے ہیں اور اس کے بدلے میں کسی صلے کی توقع نہیں رکھتے۔ ہنگامی خدمات کے تمام شعبوں کے درمیان محفوظ اور مؤثر مواصلاتی رابطے کو بہتر بنا کر ہم درحقیقت ریاست بھر میں تحفظِ عامہ اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کر رہے ہیں"۔

رکنِ اسمبلی Marianne Buttenschon (ماریان بٹنسچن) نے کہا، "میں اونیڈا کاؤنٹی کے اولین امدادی کارکنان کی معاونت کرنے پر گورنر کی شکر گزار ہوں۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ بالخصوص ہنگامی حالات میں وہ ایک دوسرے کے ساتھ پہلے سے بہتر رابطہ قائم کر سکیں۔ میرے دفتر کو متعدد مواقع پر اولین امدادی کارکنان نے بتایا ہے کہ ہنگامی مواصلاتی نظام کو جدید بنانے کی ضرورت ہے، اور یہ مالی معاونت ان اہم کوششوں کو آگے بڑھانے میں مدد فراہم کرے گی"۔

رکن اسمبلی Chris Burdick (کرس برڈک) نے کہا، "میں شکر گزار ہوں کہ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کو ہمارے اولین امدادی کارکنان کے مواصلاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے $1,549,916 کی مالی معاونت ملنے لگی ہے۔ یہ میرے ضلع کے بہت سے اولین امدادی کارکنان کے لیے ایک مسئلہ رہا ہے۔ ہم اپنے اولین امدادی کارکنان پر بھرپور انحصار کرتے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ انہیں وہ تمام وسائل اور آلات فراہم کیے جائیں جن کی مدد سے وہ ہماری کمیونٹیز کی مؤثر انداز میں خدمت کر سکیں"۔

رکنِ اسمبلی Karen McMahon (کیرن مکموہن) نے کہا، "قابلِ اعتماد ہنگامی مواصلات جانیں بچاتی ہے، اور یہ سرمایہ کاری ہمارے اولین امدادی کارکنان کو وہ وسائل رکھنے میں مدد دے گی جن کی انہیں اس وقت ضرورت ہوتی ہے جب ہر سیکنڈ قیمتی ہو۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے پوری ریاست نیو یارک میں ہنگامی مواصلاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے یہ اہم مالی معاونت فراہم کی، جس میں ایری کاؤنٹی کے لیے $2.7 ملین سے زائد بھی شامل ہیں۔ اس سرمایہ کاری سے پولیس، آگ بجھانے کی خدمات، ہنگامی طبی خدمات اور ڈسپیچرز کے زیرِ استعمال ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے کو مزید بہتر بنایا جائے گا، جس سے ہماری کمیونٹیز زیادہ محفوظ ہوں گی اور ہنگامی حالات میں مختلف اداروں کے درمیان رابطہ مزید مؤثر ہو سکے گا"۔

رکنِ اسمبلی Sarah Clark (سارا کلارک) نے کہا، "ہمارے اولین امدادی کارکنان ہر روز نیو یارک بھر میں بلا جھجھک ہنگامی کالوں کا جواب دیتے ہیں، اور وہ اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں اپنی ذمہ داریاں محفوظ اور مؤثر انداز میں انجام دینے کے لیے جدید ترین وسائل اور ٹیکنالوجی فراہم کی جائے۔ قابلِ اعتماد مواصلاتی نظام ہر ہنگامی کارروائی کی بنیاد ہوتا ہے، کیونکہ اسی کی بدولت آگ بجھانے والے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار، ہنگامی طبی خدمات کا عملہ اور ڈسپیچرز باہمی رابطے کے ساتھ جانیں بچانے میں کامیاب ہوتے ہیں، خصوصاً ایسے وقت میں جب ہر سیکنڈ اہمیت رکھتا ہو۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں کہ وہ ان اہم نظاموں میں مسلسل سرمایہ کاری کر رہی ہیں، جس سے ہماری ہنگامی ردِعمل کی صلاحیت مضبوط ہو رہی ہے اور یہ یقینی بنایا جا رہا ہے کہ راچسٹر اور پوری ریاست کے اولین امدادی کارکنان اپنی کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے ضروری وسائل سے لیس ہوں"۔

رکن اسمبلی Jon D. Rivera (جون ڈی رویرا) نے کہا، "قابلِ اعتماد ہنگامی مواصلات جانیں بچاتی ہے۔ معاملہ خواہ کسی بڑے طوفان کا ہو، تحفظِ عامہ سے متعلق ہنگامی صورتحال ہو یا معمول کی امدادی کال، اولین امدادی کارکنان کے پاس ایسے وسائل اور ٹیکنالوجی ہونی چاہیے جن کی مدد سے وہ مختلف علاقوں اور اداروں کے درمیان بلا تعطل رابطہ برقرار رکھ سکیں۔ $110 ملین کی یہ سرمایہ کاری مقامی ہنگامی مواصلاتی نظاموں کو مضبوط

بنائے گی، اہم بنیادی ڈھانچے کو جدید بنائے گی، اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ڈسپیچرز اور اولین امدادی کارکنان کے پاس وہ وسائل موجود ہیں جن کی انہیں ہماری کمیونٹیز کو بچانے کے لیے ضرورت ہے۔ ریاست نیو یارک تحفظِ عامہ کو اولین ترجیح دیتے ہوئے ایسی سرمایہ کاریاں کر رہی ہے جو ضرورت کے وقت شہریوں کو بہتر تحفظ فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی"۔

راسمبلی ممبر Dana Levenberg (ڈانا لیونبرگ) نے کہا، "مجھے بے حد خوشی ہے کہ ویسٹ چیسٹر اور پٹنم کاؤنٹیز نے ہمارے اولین امدادی کارکنان کے ہنگامی مواصلاتی نظام کی معاونت کے لیے تقریباً $2.7 ملین وصول کیے ہیں۔ مجھے ان بجٹوں کے حق میں ووٹ دینے پر فخر ہے جن کے ذریعے یہ گرانٹ فنڈز فراہم کیے گئے، اور میں گورنر ہوکل (Hochul) اور ان کی انتظامیہ کی شکر گزار ہوں کہ وہ میرے ضلع کی کمیونٹیز کی تحفظِ عامہ سے متعلق ضروریات پر مسلسل توجہ دے رہی ہیں"۔

رکن اسمبلی Gabriella Romero (گیبریلا رومیرو) نے کہا، "جب کوئی شخص 911 پر کال کرتا ہے تو ہر سیکنڈ انتہائی اہم ہوتا ہے، اور ہمارے اولین امدادی کارکنان اپنی ذمہ داریاں محفوظ اور مؤثر انداز میں انجام دینے کے لیے قابلِ اعتماد مواصلاتی نظام پر انحصار کرتے ہیں۔ البنی کاؤنٹی کے لیے $2.4 ملین سے زائد کی یہ ریاستی سرمایہ کاری ہنگامی مواصلاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے، 911 آپریٹرز کی معاونت کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ ہماری کمیونٹیز کو ضرورت کے وقت مطلوبہ وسائل بروقت دستیاب ہوں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں کہ وہ نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کے تحفظ اور سلامتی کو مسلسل اپنی ترجیح بنائے ہوئے ہیں"۔

رکن اسمبلی Paula Elaine Kay (پاؤلا ایلین کے) نے کہا، "ہنگامی ردِعمل کے نظام میں کی جانے والی یہ سرمایہ کاری ریاست بھر کے شہریوں پر فوری اور مثبت اثرات مرتب کرے گی۔ جب قدرتی آفات آتی ہیں تو مواصلات بنیادی اہمیت کی حامل ہوتی ہے، اور یہ یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے کہ ہمارے اولین امدادی کارکنان تیار ہوں اور ان کے پاس وہ تمام آلات موجود ہوں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک والوں کو ہر ممکن طور پر تیز ترین ردِعمل دیا جائے۔ ہماری ریاست کو اس وقت اسی نوعیت کی سرمایہ کاری کی ضرورت ہے، اور ہمارے شہری بھی اسی کے مستحق ہیں۔ ہنگامی ردِعمل میں اس سرمایہ کاری پر میں گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں اور یقین رکھتی ہوں کہ اس کے سولیوان اور اورنج کاؤنٹیز پر نمایاں مثبت اثرات مرتب ہوں گے"۔

رکن اسمبلی Noah Burroughs (نوح بروکس) نے کہا، "مجھے خوشی ہے کہ ہماری کمیونٹیز اور تحفظِ عامہ کے اداروں میں یہ اہم سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ ہمارے اولین امدادی کارکنان ہنگامی حالات میں ہراول دستہ ہوتے ہیں۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ ہم انہیں مسلسل ایسے آلات اور اوزار فراہم کرنا جاری رکھیں جو ان کے کام محفوظ اور مستعد طریقے سے کرنے کے لیے ضروری ہیں"۔

###